© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## کتابتِ قرآن کے موضوع پر عالمی سیمینار

فرانس کے دارالحکومت پیرس میں ۲۰-۲۲ر شوال ۱۴۰۸ھ (۶-۸ جون ۱۹۸۸ء) ایک عالمی کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا، اس کانفرنس کا مقصد تحریفِ قرآن کی کوششوں بالخصوص غیر عربی حروف میں کتابت قرآن پر پابندی لگانا تھا، کانفرنس کا نظم فرانس کے مرکز التربیۃ الاسلامیۃ نے کیا تھا، جس میں فرانس کے علاوہ مکۃ المکرمۃ، مدینہ منورہ، دمشق اور انقرہ کے نامور علماء اور ممتاز دانشوروں نے شرکت کی۔

کانفرنس کے تمام شرکاء نے متفقہ طور پر یہ قرارداد پاس کی کہ حفظ و قرأت کی سہولت کے بہانے غیر عربی حروف میں قرآن کی اشاعت کسی طور بھی درست نہیں قرار دی جاسکتی، یہ دراصل تحریف کی ایک کوشش ہے، ایسا کرنا مطلق حرام ہے، قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا ہے، اس کی کتابت و تلاوت صرف عربی زبان ہی میں ہونی چاہیئے،

(اخبار العالم الاسلامی، مکۃ المکرمۃ ۶ر جون ۱۹۸۸ء)

## مصاحف کی طباعت میں جدید تکنیک کا استعمال

مجمع الملک فہد نے انفراریڈ (INFRA-RED) شعاعوں کے ذریعہ کام کرنے والے سابقہ آلات کی جگہ ایسے آلات فراہم کئے ہیں جو لیزر (LASER) کی شعاعوں کے ذریعہ کام کرینگے اور جلد بندی کے ساتھ ساتھ پروف ریڈنگ کا کام بھی انجام دیں گے، اس کی وضاحت مجمع الملک فہد کے جنرل سکریٹری استاد حسام خاشقجی نے کی، انہوں نے انکشاف کیا کہ ان آلات کے ذریعہ

© rasailojaraid.com